بینیٹو جوریز

میکسیکو کے صدر




بینیٹو جوریز

میکسیکو کے صدر



ترجمہ : ابوابو زوہان، بحرین


۱۸۰۶ میں بینیٹو جواریز میکسیکو کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ ان کے والدین زپوٹیک انڈین تھے۔ جب بینیٹو تین سال کے ہوئے، تب تک ان کے والدین کا انتقال ہو چکا تھا۔



میکسیکن انڈین مکئی پیستے اور ٹارٹیلا بناتے ہوئے




بینیٹو پہلے اپنے دادا اور پھر اپنے چچا کے ساتھ رہے۔ جیسے جیسے بینیٹو بڑے ہوئے، ان کا دن اپنے چچا کی بھیڑوں کی دیکھ بھال میں گزرنے لگا۔



آج کے اوکساکا میں زمین پر کام کرنے والا ایک جوڑا


جب بینیٹو بارہ سال کے ہوئے تو انھوں نے اپنا گاؤں چھوڑ دیا۔
وہ تقریباً چالیس میل پیدل چل کر اوکسا شہر پہنچے۔
وہاں وہ اس گھر میں رہے جہاں ان کی بڑی بہن رہتی اور کام کرتی تھی۔





اوکساکا کا یہ چرچ 1500 کی دہائی میں
تعمیر ہوا تھا، جو آج بھی قائم ہے

اس زمانے میں میکسیکو پر سپین کی حکومت تھی۔ بینیٹو کے گاؤں کے زیادہ تر لوگوں کی طرح، وہ بھی صرف زپوٹیک زبان بولتے تھے۔
وہ ہسپانوی (اسپینش) بولنا اور لکھنا سیکھنا چاہتے تھے۔



بینیٹو کے دور میں، پادری اکثر میکسیکن انڈین بچوں کو
ہسپانوی پڑھنا سکھاتے تھے۔

جیسے جیسے وہ بڑے ہوئے، بینیٹو نے دیکھا کہ غریبوں کے ساتھ امیروں کے مقابلے میں مختلف سلوک کیا جاتا ہے۔ وہ جانتے تھے کہ یہ ناانصافی ہے۔ انہوں نے وکیل بننے کے لیے تعلیم حاصل کی تاکہ وہ غریب لوگوں کے حقوق کا دفاع کر سکیں۔



آج کے اوکساکا کا ایک گھر

بینیٹو کو ایک بہت امیر آدمی کے ہاں گھریلو ملازم کے طور پر کام مل گیا۔ اس شخص نے بینیٹو کو پسند کیا اور اسکول میں داخلہ لینے میں ان کی مدد کی۔





بینیٹو نے انسٹی ٹیوٹ آف آرٹس اینڈ سائنسز میں قانون کی تعلیم حاصل کی۔

جب تک بینیٹو نے اپنی تعلیم مکمل کی، میکسیکو سپین سے آزادی حاصل کر چکا تھا۔ نئی حکومت کے لوگ اب بھی بہت سے میکسیکن باشندوں کے ساتھ انصاف نہیں کر رہے تھے۔ جواریز نے اسے بدلنے کے لیے سخت محنت کی۔



بینیٹو جوریز

بینیٹو جواریز اور انتونیو سانتا انا

سپین سے آزادی حاصل کرنے کے بعد، جواریز اور سانتا انا نے میکسیکن حکومت کے کنٹرول کے لیے ایک دوسرے سے مقابلہ کیا۔



انتونیو سانتا انا

بینیٹو جواریز ریاست اوکساکا کے گورنر بن گئے۔
انہوں نے اسکول اور سڑکیں بنائیں۔ غریب ان سے محبت کرتے تھے لیکن امیر نہیں۔
جواریز کو میکسیکو چھوڑنے پر بھی مجبور کیا گیا، لیکن وہ واپس آ گئے۔



آج کا اوکساکا

جواریز ایک طاقتور قانون ساز بن گئے۔ ان کے قوانین میں سے ایک، جسے "جواریز قانون" کہا جاتا ہے، اس میں کہا گیا تھا کہ تمام میکسیکن برابر ہیں۔ ان کے بہت سے خیالات 1857 کے آئین میں لکھے گئے تھے۔



اس کے آئین نے میکسیکو میں اصلاحات کیں۔



بینیٹو جواریز 1858 میں صدر بنے۔ میکسیکو میں گروہ آپس میں لڑ رہے تھے، لیکن صدر جواریز نے اپنی فوج کی قیادت کرتے ہوئے فتح حاصل کی۔

بہت سی جدوجہد کے بعد، صدر جواریز فاتحانہ انداز میں میکسیکو سٹی واپس آئے۔ صدر جواریز کا محل میں استقبال کیا گیا۔



صدر جوریز کا محل میں استقبال کیا گیا۔

آئیے تلاش کریں!

BenitoJuárezOaxaca

بینیٹو جواریز اوکساکا کے قریب ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ صدر کی حیثیت سے وہ میکسیکو سٹی میں رہے۔
نقشے پر میکسیکو سٹی کی نشاندہی کریں۔ بتائیں کہ میکسیکو سٹی، اوکساکا سے کس سمت میں ہے؟



بینیٹو جواریز کا انتقال بطور صدر اپنی چوتھی مدت کے دوران ہوا۔ آج تک، میکسیکو کے لوگ انہیں ایک عظیم ہیرو کے طور پر یاد کرتے ہیں۔





میکسیکو سٹی اور اوکساکا میں بینیٹو جواریز کی یادگاریں



cinco de Mayo





5 مئی 1862 کی صبح، میکسیکو کی فوج نے پیوبلا شہر میں فرانسیسی فوج کو شکست دی۔ بالآخر، بینیٹو جواریز کی قیادت میں میکسیکو کے لوگوں نے اپنی آزادی حاصل کرلی۔ ہر سال 5 مئی کو، بہت سے میکسیکن اور میکسیکن امریکی 'سنکو ڈی مایو' مناتے ہیں۔

آپ کا کیا خیال ہے ؟

ہسپانوی الفاظ



بینیٹو نے بارہ سال کی عمر میں ہسپانوی زبان سیکھی۔

آپ ہسپانوی میں دو الفاظ بھی سیکھ سکتے ہیں، جیسے ہیلو اور الوداع۔

یہ الفاظ کسی دوست کے ساتھ استعمال کریں۔

عوام کا آدمی

بینیٹو جواریز بارہ سال کی عمر میں اوکسا کا گئے۔ وہ بمشکل ہسپانوی بول پاتے تھے۔ اس بارے میں لکھیں کہ آپ نے اسکول کے پہلے دن یا کسی نئی جگہ پر کیسا محسوس کیا۔



سیکھنے کا عمل

بینیٹو ہسپانوی بولنا سیکھنا چاہتے تھے۔ آپ کیا سیکھنا پسند کریں گے؟ اپنی ایک تصویر بنائیں جس میں آپ وہ کام کر رہے ہوں۔

اہم واقعات

1806 اوکساکا، میکسیکو میں پیدا ہوئے۔	1806
1818 میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے اوکساکا شہر گئے۔	1818
1828 کالج گئے۔	1828
1831 اوکساکا میں قانون کی مشق شروع کی۔	1831
1843 مارگریٹا مازا سے شادی کی۔	1843
1847 ریاست اوکساکا کے گورنر منتخب ہوئے۔	1847
1855 وزیر انصاف بنے۔	1855
1858 میکسیکو کے صدر بنے۔	1858
1872 میکسیکو سٹی میں وفات پائی	1872



1972 میں میکسیکو کے سفیر نے لائبریری آف کانگریس کے لائبریرین کو بینیٹو جوریز کا ایک پورٹریٹ پیش کیا۔

